04-07-2026

09:25 am

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں انوار الحق

گرفتار:

گجرات میں انسداد دہشتگردی کے سکارڈ نے ممنوعہ تنظیم جیش محمد سے وابستہ 8افرادکو گرفتار کرلیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق اس سلسلے میں گجرات پولیس اور مدھیہ پردیش پولیس نے کئی مقامات پر چھاپہ مار کارروائیاں انجام دے کریہ گرفتاریاں عمل میں لائیں۔

انسداد دہشتگردی سکارڈ کے مطابق یہ آٹھوں افراد پاکستان میں عبداللہ اور محمد عمر نامی آقاؤں کے رابطے میں تھے۔ بتایا جاتاہے کہ یہ لوگ جیش محمد کے لٹریچر کا ترجمہ کرکے اس کے نظریہ کو پھیلارہے تھے۔

یاترا:

سالانہ شری امرناتھ جی یاترا آج دوسرے دن بھی نہایت جوش وجزبے کے ساتھ جاری ہے اور آج علی الصبح بالتل اور پہلگام کے راستوں سے کئی ہزار یاتری زبان پر بم بم بولے کاورد کرتے ہوئے پوتر گپھا کی طرف روانہ ہوگئے۔

........Bam Bam Bolay........

اس دوران وادی آنے والے یاتری نہ صرف یہاں کی قدرتی خوبصورتی بلکہ مقامی لوگوں کی مہمان نوازی سے بھی زبردست متاثر نظر آرہے ہیں۔

........Yatries........

دریں اثنا جموں کے بھگوتی نگر یاتری نواس سے آج مزید 4ہزار812یاتری وادی کی طرف روانہ کئے گئے ہیں۔ان میں2ہزار 41مرد اور2ہزار771خواتیں شردھالو شامل ہیں۔

صوبائی کمشنر

صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے یاترا کے پہلگام روٹ کا دورہ کرکے وہاں یاتریوں کیلئے دستیاب مختلف طرح کی سہولیات کا برسر موقعہ جائزہ لیا۔

ڈپٹی کمشنر اننت ناگ ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ اور دیگر متعلقہ افسروں کے ہمراہ ڈویژنل رجسٹریشن کاؤ نٹروں RFID ویریفکیشن اور e-KYC //کمشنر نے خاص طور پر فرسکنگ پوائنٹ کا معائینہ کیا۔

اعجاز اسد:

اسی دوران محکمہ دیہی ترقی اور پنچایتی راج کے سیکریٹری محمد اعجاز اسد نے بالتل بنیادی کیمپ کا دورہ کرکے وہاں موجود یاتریوں سے صفائی ستھرائی کے انتظامات کے بارے میں ان سے جانکاری حاصل کی۔

سیکریٹری موصوف نے ٹھوس فضلے کے بندوبست سے متعلق پلانٹ // صفائی ستھرائی کے اثاثوں اور ٹینٹ سٹی نیز لنگروں کا معائینہ کرکے یاترا2026کے لئے ہری پہل کاری کا جائزہ لیا۔

سکینہ ایتو:

صحت اور تعلیم کی وزیرسکینہ ایتو نے حلقہ انتخاب ٹنگمرگ کا دورہ کرکے وہاں بنیادی ڈھانچے کے کئی پروجیکٹ عوام کے نام وقف کئے۔

وزیر موصوفہ نے سب ضلع ہسپتال ٹنگمرگ میں ایک زچہ اور بچہ بلاک کا افتتاح کرنے کے علاوہ ٹارہامہ کے ہائرسکینڈری سکول میں آڈیٹوریم اور لال پورہ میں نئے طرز کے پرائمری ہیلتھ سینٹر کا افتتاح کیا۔

اس موقعہ پر اپنے خیالات کااظہار کرتے ہوئے سکینہ ایتو نے کہا کہ موجودہ سرکار جموں کشمیر بھر میں تعلیم اور طبی شعبوں میں بنیادی ڈھانچے کو بہتر کرنے کیلئے لگاتار سرمایہ کاری کررہی ہے۔

ستیش شرما:

انفارمیشن ٹیکنالوجی اور کھیل کود کے وزیر ستیش شرما نے کہا ہے کہ سرکار کارخانہ داری کو فروغ دیتے ہوئے روزگار کے زیادہ سے زیادہ مواقعے پیدا کرنے کیلئے پُر عزم ہے۔

سرینگر میں عوامی مسائل کی سماعت کے دوران انہوننے کہا کہ اس مقصد کیلئے سرمایہ کاروں اور صنعت سے جڑے متعلقین کے لئے ایک آسان اور موافق ماحول پیدا کیا جارہا ہے۔

وزیر موصوف سے پانپور انڈسٹریل اسٹیٹ // فیئر پرائس شاپ ایسوسی ایشن// کیروسین ڈیلرس اور دیگر کئی وفودنے ملاقات کی۔

ایل جی ملاقات

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہاسے لوک بھون سرینگر میں کئی اہم شخصیات نے ملاقات کی جن مینپردیش بی جے پی کے ایگزیکٹو ممبر محمد یوسف بٹ بھی شامل ہیں۔

: کمیٹی

ماحولیات سے متعلق قانون ساز اسمبلی کی کمیٹی نے سرینگر کے عیدگاہ علاقے میں اژھن ویسٹ منیجمنٹ جگہ کا معائینہ کر کے وہاں شہرکی بنیادی ویسٹ پروسیسنگ سہولت کے کام کاج کا برسر موقعہ جائزہ لیا۔

محمد یوسف تاریگامی کی زیر قیادت کمیٹی کے ارکان نے ساتھ ہی آنچار، ہوکر سر اور خوشحال سر جھیلوں نیز دیگرآبی پناہ گاہوں کا بھی دورہ کیا اور وہاں ناجائز تجاوزات کے خلاف احکامات جاری کئے۔

NITکرکٹ:

سرینگر میں آج سے 8جولائی تک کُل ہند کرکٹ ٹورنامنٹ کا آغاز ہورہاہے جس میں ملک NIT سے تعلق رکھنے والی 24ٹیمینحصہ لے رہی ہیں-NITs بھر کے

ٹورنامنٹ کا رسمی افتتاح کرتے ہوئے ادارے کے ڈائریکٹر پروفیسر ہنود کمار کنوجیانے اداروں کے درمیان قریبی تعلقات بڑھانے میں کھیل کود کی اہمیت بیان کی۔ یہ میچ سرینگر کے8مقامات پر کھیلے جائیں گے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 20 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم کم درجہ حرارت 25 اعشاریہ 9 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیاسے گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ